22-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے پارلیمانی حلقوں کی حد بندی کے مسئلہ پر جنوبی ہند کی ریاستوں کی جانب سے متحدہ جدوجہد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

۲۔ مرکزی مملکتی وزیر نے کہا ہے کہ لوک سبھا حلقوں کی از سر نو حد بندی پر منعقدہ اجلاس ٹاملناڈو میں حکمران ڈی ایم کے کی جانب سے شراب اسکام کے الزامات سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش ہے۔

۳۔ اپوزیشن کے تعلق سے حکمران جماعت کے رویہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بی آر ایس کے ارکان نے آج ریاستی اسمبلی سے واک آؤٹ کیا۔

۴۔ کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ اور جنگاؤں اضلاع میں ایکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش اور ژالہ باری ہوسکتی ہے۔

KILLED:

حیات نگر کے لکشما ریڈی پالم میں آج ایک سڑک حادثہ میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ہلاک ہوگئے۔ پولیس نے بتایا کہ ٹی ایم نندیشور بابجی جو راچہ کنڈہ کمشنریٹ کے کنٹرول روم میں خدمات انجام دے رہے تھے اس وقت فوت ہوگئے جب وہ حیدرآباد۔ وجئے واڑہ قومی شاہراہ پار کررہے تھے۔ صبح چہل قدمی کرنے والے ڈی ایس پی کو اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی ایک بس نے ٹکر ماردی۔ وہ برسر موقع فوت ہوگئے۔ اس کی نعش کو پوسٹ مارٹم کیلئے عثمانیہ جنرل ہاسپٹل منتقل کیا گیا۔

DELIMITATION - JAC:

منصفانہ حد بندی پر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا پہلا اجلاس آج چینائی میں شروع ہوگا۔ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ٹاملناڈو کے چیف منسٹر این کے اسٹالن نے کہا کہ اس موضوع پر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا دوسرا اجلاس حیدرآباد میں ہوگا۔ اسٹالن نے کہا کہ آبادی کی بنیاد پر پارلیمانی حلقوں کی از سر نو حد بندی سے پارلیمنٹ میں جنوبی ہند کی ریاستوں کی نمائندگی کم ہوجائے گی جو کہ جمہوریت کے اقدار کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ حد بندی اسی وقت ہوسکتی ہے جب وہ مشاورت کے بعد منصفانہ انداز میں کی جائے۔ اجلاس میں کرناٹک کے ڈپٹی چیف منسٹر ڈی کے شیوکمار، کیرالا کے چیف منسٹر پنارائی وجین، پنجاب کے چیف منسٹر بھگونت سنگھ مان اور تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے شرکت کی۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے پارلیمانی حلقوں کی حد بندی کے مسئلہ پر جنوبی ہند کی ریاستوں کی جانب سے متحدہ جدوجہد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ منصفانہ حد بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے آج چینائی میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی جے پی تیز رفتاری کے ساتھ معاشی ترقی حاصل کرنے پر جنوبی ہند کی ریاستوں پر جرمانہ لگارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ہند کی ریاستوں کی مجموعی پیداوار اور فی کس آمدنی زیادہ ہے اور وہ ملازمتوں کی فراہمی، انفرااسٹرکچر کی سہولتوں، حکمرانی اور سماجی بہبود کے معاملات میں بھی آگے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ہند کی ریاستیں مجوزہ حد بندی کو قبول نہیں کرسکتی کیونکہ اس عمل سے ریاستوں پر سیاسی روک لگایا جارہا ہے۔ انہوں نے جنوبی ہند کی ریاستوں کے نمائندوں سے کہا کہ وہ غیر منصفانہ حد بندی پر عمل آوری سے بی جے پی کو روکیں۔ انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی پر زور دیا کہ وہ اس عمل کو فوری روک دیں۔ ریونت ریڈی نے وزیراعظم نے درخواست کی کہ وہ لوک سبھا کی نشستوں میں اضافہ نہ کریں بلکہ ریاستوں کے اندر ہی حلقوں کی ازسرنو حد بندی کریں۔

BANDI:

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ لوک سبھا حلقوں کی ازسرنو حد بندی پر چینائی میں منعقدہ اجلاس، ٹاملناڈو میں حکمران ڈی ایم کے کی جانب سے شراب اسکام کے الزامات سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش ہے۔ انہوں نے آج کریم نگر میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے پہلے ہی واضح کردیا ہے کہ ازسرنو حد بندی کا طریقہ کار ابھی طئے نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے یہ بھی واضح کردیا ہے کہ جنوبی ہند میں لوک سبھا کی نشستوں میں کمی نہیں ہوگی۔ بنڈی سنجے نے الزام لگایا کہ چینائی کے اجلاس میں شرکت کرنے والی پارٹیاں بدعنوان ہیں اور وہ مختلف گھپلوں میں ملوث ہیں۔ انہوں نے ریمارک کیا کہ اس اجلاس میں چوروں کی ٹولی جمع ہوئی تھی۔

WEATHER:

دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ اور جنگاؤں اضلاع میں ایکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش اور ژالہ باری ہوسکتی ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ ریاست میں ایکا دوکا مقامات پر آئندہ تین دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ چند مقامات پر آئندہ تین دن کے دوران ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی ہوسکتی ہے۔ آئندہ دو دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری کی کمی آئے گی اور اس کے بعد درجہ حرارت

میں دوتا تین ڈگری سلسیس کا اضافہ ہوگا۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جگتیال، کمرم بھیم آصف آباد، راجنا سرسلہ، پدا پلی اور منچر یال اضلاع میں اکادوکا مقامات پر ژالہ باری ہوئی۔اسی مدت کے دوران تلنگانہ میں کئی مقامات پر بارش ریکارڈ کی گئی۔

POSTS:

دیہی سطح کے انتظامیہ کو مستحکم کرنے کے لئے ریاستی حکومت نے ریونیو محکمہ میں گاؤں کی سطح کے عہدیداروں کی 10 ہزار 954 نئی جائیدادوں کیلئے منظوری دے دی ہے۔ یہ عہدیدار سابق وی آر اوز یا بی آر ایز میں سے متعین کئے جائیں گے اورانہیں گراما پالنا آفیسر جی پی اوکہا جائے گا۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ ریونیو محکمہ کی تجویز کا جائزہ لینے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔

BIRD FLU:

سابقہ نندیال ضلع میں دو پولٹری فارمس پھر ایک بار برڈ فلو سے متاثر ہوئے ہیں۔عہدیداروں نے احتیاطی اقدامات تیز کردئے ہیں۔سابقہ نلگنڈہ ضلع کے بھودان پوچم پلی منڈل کے دھوتی گوڑم اور چٹیال منڈل کے گنڈرم پلی میں برڈ فلو کے کیسس درج کئے گئے۔ریاست کے محکمہ مویشی پالن کے عہدیداروں نے بھوپال میں نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہائی سیکورٹی انیمل ڈیسیس میں نمونے مثبت پائے جانے کے بعدان دو پولٹری فارمس میں متاثرہ مرغیوں کوختم کرنے کی کارروائی شروع کردی ہے۔گونڈرم پلی گاؤں میں دیڑھ لاکھ مرغیاں اوردھوتی گوڑم منڈل میں تقریباً 40 ہزار مرغیاں ہلاک کردی گئیں۔ انتظامیہ نے برڈ فلو کے پھیلاؤ کوروکنے کے لئے ان دو پولٹری فارمس میں صفائی کا کام شروع کردیا۔

ADD DELIMITATION:

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے حد بندی کے عمل کے جنوبی ہند پر پڑنے والے ممکنہ اثرات کے بارے میں اپنی تشویش کا اظہار کیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اس اقدام کو جنوبی ریاستوں کے مستقبل کیلئے ایک خطرہ قرار دیا اور کہا کہ اس پالیسی سے جنوبی ہند کی ریاستوں کی معاشی ترقی، حکمرانی میں ان کی کامیابیوں اور جمہوری نمائندگی کو نقصان پہنچے گا۔

Assembly

اپوزیشن کے تعلق سے حکمران جماعت کے رویہ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بی آر ایس کے ارکان نے آج ریاستی اسمبلی سے واک آؤٹ کیا۔وقفہ سوالات کے دوران سابق وزیر عمارات وشوارع وی پرشانت ریڈی اور موجودہ وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کے درمیان ریاست میں روڈ انفرااسٹرکچر پر لفظی تکرار ہوئی۔ پرشانت ریڈی نے کہا کہ بی آر ای دور حکومت میں تقریباً 22 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے 8672 کلومیٹر ڈبل لین سڑکیں اور 669 کلومیٹر طویل فور لائنس تعمیر کی

گئیں۔اس کے برعکس کانگریس حکومت نے گزشتہ 10 مہینوں کے دوران صرف 55 کلومیٹر طویل سڑکیں تعمیر کی ہیں جبکہ نشانہ 769 کلومیٹر کا تھا۔انہوں نے مجوزہ ہائبریڈ اینویٹی ماڈل کے تحت سڑکوں کی تعمیر پر وزیر عمارات وشوارع سے جواب طلب کیا۔ پرشانت ریڈی کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس کی حکومت نے 10 سال میں ایل فلائی اوور کا کام مکمل نہیں کیا۔

WATER SECURITY

ورلڈواٹرڈے کے موقع پر آج منعقدہ ایک پروگرام میں پانی کے تحفظ کے لئے واٹرشیڈ کے مناسب انتظام کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ پروفیسر جئے شنکر تلنگانہ اگریکلچر یونیورسٹی اور ڈاکٹر مری چنا ریڈی میموریل ٹرسٹ نے آج راجندرنگر میں ایک پروگرام کیا۔اس موقع پر ٹرسٹ کے سکریٹری مری ششی دھر ریڈی نے کہا کہ پانی کے تحفظ کے لئے ماہر آب ٹی ہنمنت راؤ نے جو چار رخی حکمت عملی تجویز کی ہے وہ سب سے بہترین تجویز ہے۔انہوں نے بتایا کہ ظہیرآباد کے قریب گٹی گاری پلی میں اس حکمتِ عملی پر کامیابی کے ساتھ عمل آوری کی گئی۔ یونیورسٹی کے ریسرچ ڈائرکٹر ڈاکٹر بلرام نے واٹرشیڈ کے انتظامیہ میں کسانوں کو شامل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

○○